بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پنشن میں بھائیوں کا حق ہوگا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید اور اس کے بھائیوں کی چند مشترکہ دوکانیں ہیں، جوان کا مشترکہ کاروبار ہے، زید کے پاس اس کاروبار کے علاوہ سرکاری ملازمت بھی ہے، اب زید ریٹائر ہو چکا ہے، تو اسے وہاں سے پنشن مل رہی ہے، زید کے بھائی اس پنشن میں سے اپنے حصے کا مطالبہ کر رہے ہیں، اور ان کا کہنا یہ ہے کہ جب بقیہ کاروبار مشترک ہے تو پنشن بھی مشترک رکھی جائے، شرعی رہنمائی فرمائی جائے کہ زید کے بھائی زید کی پنشن میں حقدار ہیں یا نہیں اور ان کا اپنے حصے کا مطالبہ کرنا شرعا درست ہے؟

## جواب

صورت مسئولہ میں زید کے بھائیوں کا زید کی پنشن میں کوئی حق نہیں ہے، لہذا ان کا پنشن میں سے اپنے حصے کا مطالبہ کرنا بھی شرعا درست نہیں ہے۔ پنشن ایک تحفہ و عطیہ ہے اور شرکاء میں سے کسی ایک کو اگر گورنمنٹ کی طرف سے یا کسی اور کی طرف سے تحفہ دیا جائے، تو وہی اس کا حقدار ہوتا ہے، دوسروں کا اس میں حق نہیں ہوتا۔

فتاوی ہندیہ میں ہے "ولا یشارکہ فیما یرث من میراث ولا جائزۃ یجیزھا السلطان ولا الھبۃ ولا الصدقۃ، کذا في فتاوی قاضي خان، ولا الھدیۃ، ھکذا في المبسوط" ترجمہ: اور ایک شریک، دوسرے شریک کے ساتھ اس چیز میں شریک نہیں ہوگا جو اسے میراث سے ملے اور نہ اس انعام میں جو سلطان اس کو دے اور نہ ہبہ اور صدقہ میں، اسی طرح فتاوی قاضی خان میں ہے اور نہ ہدیہ میں اسی طرح بسوط میں ہے۔ (فتاوی ہندیہ، کتاب الشرکۃ، ج 02، ص 309، کوئٹہ)

فتاوی رضویہ میں ہے "بتصریح علماء منصب و پنشن بھی موروث نہیں بعد فوت منصبدار، رئیس جس کا نام مقرر کردے وہی مستحق ہے باقی ورثہ کا کچھ حق نہیں۔ فتح القدیر اور رد المحتار میں ہے "العطاء صلۃ فلا یورث" ترجمہ: عطیہ ایک صلہ ہے لہذا اس میں وراثت جاری نہیں ہوگی۔ " (فتاوی رضویہ، ج 25، ص 393، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

بہار شریعت میں ہے "ان میں سے ایک کو اگر میراث ملی یا شاہی عطیہ یا ہبہ یا صدقہ یا ہدیہ میں کوئی چیز ملی تو یہ خاص اسکی ہوگی شریک کا اس میں کوئی حق نہ ہوگا۔" (بہار شریعت، ج 02، حصہ 10، ص 494، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : ابو حفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

مصدق : مفتی محمد ہاشم خان عطاری

فتوی نمبر : Lar-249

تاریخ اجراء : 10 جمادی الاولی 1443ھ / 15 دسمبر 2021ء

---


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net